09-05-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ تلنگانہ میں لوک سبھا انتخابات کے تحت مہم آخری مرحلہ میں پہنچ گئی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی کل ریاست کا دورہ کریں گے اور آخری مرحلہ کی مہم میں حصہ لیں گے۔

☆ کانگریس لیڈر راہول گاندھی نے کہا ہے کہ دستور سے ملک کی عوام کو طاقت ملتی ہے جبکہ بی جے پی تحفظات کو ختم کرنے کیلئے دستور کو بدلنے کیلئے کوشاں ہیں۔

☆ ریاستی وزیر اُتم کمار ریڈی نے بی آر اسی اور بی جے پی پر عوام کو دھوکہ دیتے ہوئے انتخابات میں جیت حاصل کرنے کی کوشش کا الزام عائد کیا ہے۔

☆ بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی آر نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ طویل ویک اینڈ کے بہانے تیرہ مئی کو رائے دہی کے عمل میں حصہ لینے سے گریز نہ کریں۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا ہے کہ کانگریس پارٹی جھوٹ بولتے ہوئے اقتدار میں آنے کی کوشش کر رہی ہے۔ ضلع بھونگیر کے رائے گیری علاقہ میں پارٹی کے ایک عوامی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کانگریس نے تلنگانہ میں جو بھی وعدے کئے ان میں سے کوئی بھی پورا نہیں کیا۔ امیت شاہ نے عوام پر زور دیا کہ تلنگانہ سے بی جے پی کو ایم پی کی دس سیٹیں دی جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ انتخابات جہاد کیلئے ووٹ اور ترقی کیلئے ووٹ کے درمیان ہیں۔ انہوں نے یقین دلایا کہ پوچم پلی میں چودہ ہزار کروڑ روپئے کی لاگت سے ایک ٹکسٹائیل پارک قائم کیا جائے گا۔ جبکہ مودی حکومت کی جانب سے لگائی گئی نئی ٹکسٹائیل پالیسی سے بھونگیر کی ٹکسٹائیل صنعتوں کے ورکرس کو فائدہ پہنچے گا۔

☆☆☆☆☆

انڈین فارمرس فرٹیلائزر کوآپریٹو لمیٹیڈ (IFFCO) نے پندرہ لاکھ ایکر اراضی پر ڈرون اسپرے آپریشنوں کو شروع کرنے کیلئے مارٹ ڈرونس کے ساتھ ایک اسٹراٹیجک پارٹنرشپ کی ہے۔ اس رفاقت کاری سے زرعی اشیاء میں اضافہ کی سمت اہم قدم اٹھایا جائے گا۔ اس کے علاوہ اس سے دونوں ریاستوں تلنگانہ اور آندھراپردیش کو فائدہ ہوگا۔ مذکورہ معاہدہ کے تحت مارٹ ڈرونس کی جانب سے آرٹ ڈرون ٹیکنالوجی تیار کی جائے گی جس کے ذریعہ زرعی شعبہ کی ترقی کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔

☆☆☆☆☆

ٹاٹا گروپ کی ملکیت والے ایئر انڈیا ایکسپریس نے تقریباً پچیس کیبن ارکان عملے کو نوکری سے برخاست کرنے کیلئے خطوط جاری کئے ہیں۔ یہ خطوط ان ملازمین کو جاری کئے گئے جنہوں نے بیمار ہونے کا دعویٰ کیا تھا جس کی بناء پر 90 سے زائد پروازوں کو منسوخ کرنا پڑا تھا۔ مابقی ارکان عملہ کو انتباہ دیا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ آج شام تک ملازمت پر رجوع ہوجائیں یا پھر نوکری سے برخاستگی کیلئے تیار رہیں۔ اسی دوران ایئر انڈیا ایکسپریس نے عملہ کی عدم دستیابی کی بناء پر آج بھی کم از کم ساٹھ پروازیں منسوخ کردی ہیں۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد سے عازمین حج کا 283 افراد پر مشتمل پہلا قافلہ آج مدینہ منور پہنچ گیا۔ ایئرپورٹ پر ہندوستانی سفیر برائے سعودی عرب ڈاکٹر سہیل اعجاز خان اور قونصل جنرل برائے ہند محمد شاہد عالم اور دیگر عہدیداروں نے عازمین کا خیر مقدم کیا۔ زائد از ایک لاکھ پچھتر ہزار پچیس ہندوستانی عازمین حج اس سال حج بیت اللہ کی ادائیگی کیلئے سعودی عرب جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

سابق بی آر ایس لیڈر اور تلنگانہ ریاست کے شہیدوں کی ماں کہلائی جانے والی سری کانتا چاری شنکر اماں آج کانگریس پارٹی میں شامل ہوگئیں۔ آبپاشی کے وزیر اتم کمار ریڈی نے گاندھی بھون میں ان کا خیر مقدم کیا۔ شنکر اماں نے حلقہ لوک سبھا بھونگیر سے ٹکٹ نہ دیئے جانے پر بی آر ایس سے استعفیٰ دیا ہے۔

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج کہا ہے کہ پی ایچ ڈی اسکالر روہت ویمولہ کی موت کے معاملہ کی تفصیلی تحقیقات کرائی جائے گی۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ خاطیوں کو سزا دی جائے گی۔روہت ویمولہ نے حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی کی جانب سے اپنے خلاف تادیبی کارروائی سے دلبرداشتہ ہوکر جنوری 2016 میں مبینہ طور پر خودکشی کرلی تھی۔وہ اس وقت یونیورسٹی میں پی ایچ ڈی کررہے تھے۔حال ہی میں ویمولہ کے افراد خاندان نے ریونت ریڈی سے ملاقات کرتے ہوئے اس کیس کی تحقیقات کرائے جانے کیلئے نمائندگی کی تھی۔

☆☆☆☆☆

انڈین کونسل آف میڈیکل ریسرچ ICMR نے سال 2024 کے لئے غذا کی عصری عادتوں کی مناسبت سے ہندوستانی شہریوں کیلئے اپ گریڈ شدہ غذائی گائیڈ لائنس جاری کی ہیں۔حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف نیوٹریشن (NIN) کے تحقیق کاروں کی جانب سے تیارکردہ اس عصری غذائی گائیڈ لائنس میں عوام کو خاص طور پر مشورہ دیا گیا ہے کہ جسمانی طور پر سرگرم رہیں،معمول کے مطابق ورزش کرنے کے علاوہ نمک کا محدود استعمال،زیادہ چربی والی غذاؤں کا کم استعمال،شکر اور موٹاپے سے بچیں۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ میں تعلیمی سال برائے 2025 - 2024 کے لئے انٹرمیڈیٹ میں داخلے کا عمل آج سے شروع ہوا ہے۔انٹر بورڈ سکریٹری شروتی اوجھا نے کہا کہ یکم جون سے کلاسیس شروع ہوں گی۔انہوں نے یہ واضح کردیا کہ انٹرمیڈیٹ میں داخلہ کیلئے خانگی کالجوں کو کسی بھی طرح کا امتحان منعقد کرنے کی اجازت نہیں ہے۔انہوں نے انتباہ دیا کہ انٹرنس امتحان منعقد کئے جانے کی اطلاع پر متعلقہ انتظامیہ کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

گرمائی تعطیلات کے پیش نظر مسافرین کی سہولت کیلئے ٹی ایس آر ٹی سی کی جانب سے زائد بسیں چلائی جارہی ہیں۔آر ٹی سی کے مینجنگ ڈائرکٹر سجنار نے کہا کہ قبل از وقت ٹکٹ بک کرانے والوں کو دس فیصد ڈسکاؤنٹ دیا جائے گا۔اس کے علاوہ تیرہ مئی کو رائے دہی کے پیش نظر اپنے آبائی مقام کو جانے والے افراد کی سہولت کیلئے بھی آر ٹی سی کی جانب سے حیدرآباد سے آندھراپردیش اور کرناٹک کے لئے زائد بسیں چلائی جارہی ہیں۔

☆☆☆☆☆

حلقہ گریجویٹ ورنگل،کھمم اور نلگنڈہ کے ایم ایل سی انتخاب کیلئے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ آج ختم ہوگئی۔پرچہ نامزدگیوں کی جانچ کل سے شروع ہوگی جبکہ نامزدگیوں سے دستبرداری کی آخری تاریخ 13 مئی کو ختم ہوجائے گی۔

☆☆☆☆☆

سیول سپلائیز اور آبپاشی کے ریاستی وزیر کیپٹن اتم کمار ریڈی نے بی آر ایس اور بی جے پی پر الزام عائد کیا ہے کہ یہ پارٹیاں لوک سبھا انتخابات جیتنے کیلئے عوام کو دھوکہ دے رہی ہیں۔نامپلی،گاندھی بھون میں واقع پارٹی آفس میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات کہی۔اس سے پہلے اُتم کمار اور دیگر پارٹی لیڈرس نے آنجہانی سریکانت چاری کی ماں شنکراماں کی پارٹی میں شمولیت کا خیرمقدم کیا۔اُتم کمار نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ بی جے پی نے تلنگانہ کے قیام میں کوئی رول ادا نہیں کیا جبکہ اس ریاست کے وجود میں آنے کے بعد اس نے اس کیلئے کچھ نہیں کیا۔انہوں نے وزیراعظم نریندر مودی پر زور دیا کہ گزشتہ دس برسوں کے دوران ان کی حکومت نے تلنگانہ کیلئے کیا اقدامات کئے،ان کی تفصیلات بتائیں۔ریاستی وزیر نے مزید کہا کہ انڈیا اتحاد انتخابات میں جیت حاصل کرنے کی طرف بڑھ رہا ہے اور راہول گاندھی کے ملک کے اگلے وزیراعظم بننے کیلئے راہ ہموار ہورہی ہے۔

☆☆☆☆☆

بی جے پی کے سرکردہ لیڈر بشمول وزیراعظم نریندر مودی انتخابی مہم میں حصہ لینے کیلئے دوبارہ تلنگانہ کا دورہ کریں گے اور جلسوں سے خطاب کریں گے۔انتخابی جلسے کل جمعہ کو نارائن پیٹ میں دو بجے دوپہر اور حیدرآباد کے ایل بی اسٹیڈیم میں شام میں منعقد ہوں گے۔

☆☆☆☆☆

اصل سیاسی جماعتیں بی جے پی، بی آر ایس اور کانگریس کے سینئر لیڈرس عادل آباد ایس ٹی حلقہ میں شدت کے ساتھ انتخابی مہم چلا رہے ہیں۔ یہ لیڈرس عوامی جلسوں، کارنر میٹنگس اور صبح کے اوقات میں پدیاتراؤں کے ذریعہ رائے دہندوں کو راغب کرنے کیلئے کوشاں ہیں۔ یہ تمام لیڈرس عادل آباد کی مقامی سیمنٹ فیکٹری کے احیاء، عادل آباد۔ آرمور ریلوے لائن، ریلوے انڈر پاس کی تعمیر اور برجس کی تعمیر جیسے مقامی مسائل پر وعدے کررہے ہیں۔ اس کے علاوہ دور دراز کے مواضعات تک حمل و نقل کی سہولت، پینے کا پانی اور صحت جیسے مسائل بھی انتخابی مہم کے دوران اٹھائے جارہے ہیں۔ سابق بی آر ایس ایم پی ڈی ناگیش کے بی جے پی میں شامل ہونے اور مقابلہ کرنے کے ساتھ بی جے پی کے کئی بڑے لیڈرس بشمول نریندر مودی اور امیت شاہ ان کے حق میں مہم چلا رہے ہیں۔ اسی دوران کانگریس کے سینئر لیڈر راہول گاندھی اور وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کانگریس امیدوار اے سگنا کے لئے منعقدہ جن جاترا سبھاؤں میں شرکت کی۔ بی آر ایس کے صدر کے چندر شیکھر راؤ اور کارگزار صدر تارک راما راؤ کی جانب سے پارٹی امیدوار اے سکھو کی تائید میں نرمل اور بھینسہ میں روڈ شو منعقد کئے گئے۔ حلقہ عادل آباد میں جملہ بارہ امیدوار میدان میں ہیں۔ ہمارے نمائندے راما کانت دلیش پانڈے نے بتایا کہ اس آدی واسی حلقہ میں سہ رخی مقابلہ ہے جبکہ تقریباً 16.5 لاکھ ووٹرس ہیں۔

☆☆☆☆☆

کانگریسی لیڈرس سید مجتبیٰ عابدی اور میئر سیف علی عابدی نے اپنے ایک بیان میں رائے دہندوں سے اپیل کی ہے کہ اچھی حکمرانی کیلئے مناسب جماعت کو منتخب کیا جائے۔ انہوں نے حلقہ سکندرآباد سے ناگیندر کے علاوہ دیگر کانگریسی امیدواروں کے حق میں ووٹ دینے کی اپیل کی ہے۔

☆☆☆☆☆

اس موقع پر شنکراماں نے بی آر ایس سے اپنی علحدگی کا ذکر کیا اور الزام عائد کیا کہ پارٹی میں ان کے ساتھ ناانصافی ہوئی جس کی بناء پر وہ کانگریس میں شامل ہوئیں۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ میں لوک سبھا انتخابات کیلئے انتخابی مہم آخری مرحلہ میں پہنچ گئی ہے۔ بڑی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈرس پوری شدت کے ساتھ مہم چلا رہے ہیں اور روڈ شو منعقد کرنے کے علاوہ کارنر میٹنگوں میں شرکت کررہے ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی کل ریاست کا دورہ کریں گے اور تین بجے سہ پہر نارائن پیٹ میں ایک ریلی سے خطاب کرنے کے بعد حیدرآباد پہنچیں گے اور شام پانچ بجکر دس منٹ پر ایل بی اسٹیڈیم میں منعقد ہونے والے عوامی جلسہ میں شرکت کریں گے۔ اس کے علاوہ وہ ملکاجگیری، چیوڑلہ اور سکندرآباد حلقوں میں بھی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ مودی کی آمد کے پیش نظر پولیس نے کل جمعہ کو شام چار بجے تا آٹھ بجے کے دوران ایل بی اسٹیڈیم کے پاس ٹرایفک تحدیدات نافذ کی ہیں۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ طویل ویک اینڈ کا بہانہ بناتے ہوئے تیرہ مئی کو رائے دہی کے عمل میں حصہ لینے سے دور نہ رہیں۔ حلقہ پارلیمنٹ ملکاجگیری میں آج پارٹی کے نوجوان لیڈر سے بات چیت کرتے ہوئے کے ٹی آر نے کہا کہ نوجوانوں نے اپنے ووٹ کے ذریعہ کانگریس کو منتخب کیا۔ انہوں نے تاہم کانگریس کو اس کی ناکامیوں کیلئے نشانہ بنایا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کے سی آر، ممتا بنرجی، کجریوال، ہیمنت سورین، ایم کے اسٹالن جیسے علاقائی طاقتیں ہی بی جے پی سے نمٹ سکتی ہیں۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ حکومت کو کرناٹک کی جانب سے ایمرجنسی میں جاری کردہ 2.25 ٹی ایم سی پانی موصول ہوا ہے۔ آبپاشی کے عہدیداروں نے مارچ کے مہینہ میں کرناٹک حکومت سے اپیل کی تھی کہ اپر کرشنا پراجکٹ سے پانی جاری کیا جائے۔

☆☆☆☆☆

انتخابات کے تحت تلاشی کے دوران پولیس نے حیدرآباد کے علاقہ بالانگر میں 3.25 کروڑ روپے مالیتی سونا ضبط کرلیا۔ اس کے علاوہ پولیس نے حیدرآباد سے گنٹور جانے والی ایک لاری کو آندھرا پردیش کی سرحد پر گریکاپاڈو چیک پوسٹ پر روکا اور آٹھ کروڑ روپے نقد رقم ضبط کی۔

☆☆☆☆☆

کانگریس لیڈر راہول گاندھی نے آج کہا ہے کہ ملک کے غریبوں کو دستور سے طاقت ملتی ہے جبکہ انہوں نے الزام عائد کیا کہ بی جے پی دستور کے مطابق تحفظات کے ذریعہ دستور کو بدلنے کیلئے کوشاں ہیں۔ضلع میدک میں نرساپور کے مقام پر جن جاترا سبھا سے خطاب کرتے ہوئے راہول گاندھی نے کہا کہ کانگریس اقتدار پر آنے پر مردم شماری کرائے گی۔سی ایم ریونت ریڈی نے بھی خطاب کیا۔

☆☆☆☆☆